H

National
Qualifications
2026

# X870/76/11

# Urdu Reading

MONDAY, 1 JUNE

1:00 PM – 3:00 PM

**Total marks — 30**

Attempt ALL questions.

Write your answers clearly, in **English**, in the Reading answer booklet provided. In the answer booklet you must clearly identify the question number you are attempting.

**You may use an Urdu dictionary.**

Use **blue** or **black** ink.

There is a separate question and answer booklet for Directed Writing. You must complete your answer for Directed Writing in the question and answer booklet for Directed Writing.

You must leave your Reading answer booklet and your Directed Writing question and answer booklet on your desk; if you do not, you could lose all the marks for this paper.

Qualifications Scotland
Teisteanasan Alba

*X8707611*

B/QS
© Qualifications Scotland 2026

**Total marks — 30**

**Attempt ALL questions**

Read the whole article carefully and then answer, in **English**, ALL the questions that follow.

In this article Noor discusses education.

نئ ٹیکنالوجی نے طریقۂ تعلیم کو نہ صرف جدید بلکہ آسان بنادیا ہے۔

جدید طریقہ تعلیم

تعلیم کا نام لیتے ہی سکول، کالج اور یونیورسٹی کی عمارت سامنے آجاتی ہے۔ لیکن اب نئ ٹیکنالوجی کی ایجاد سے پڑھائی کا تصوّر بدل گیا ہے۔ اب تعلیم صرف تعلیمی اداروں میں پڑھائی کا نام نہیں، بلکہ انسان گھر بیٹھ کر اپنے وقت میں اپنی مرضی کے مطابق تعلیم حاصل کر سکتا ہے۔ سیکھنے کا عمل تو کبھی ختم ہی نہیں ہوتا۔

انسان اپنے ارگرد کے ماحول اور تجربات سے مسلسل کچھ نہ کچھ سیکھتا رہتا ہے۔

تعلیم کا مقصد۔

تعلیم سے انسان کی ذہنی اور اخلاقی تربیت ہوتی ہے۔ یہ طالب علموں میں چھپی ہوئی صلاحیتوں کو بڑھانے کا کام کرتی ہے اور ان کے روزمرّہ کے معمول میں تبدیلی لاتی ہے تاکہ وہ اپنی ضرورتوں اور ذمہ داریوں کو سمجھ سکیں اور اُنہیں پورا کرنے کے طریقوں سے واقف ہو سکیں۔

تعلیمی سرگرمیاں۔

میرے خیال میں بچّوں کو تعلیم دینے کے لئے اساتذہ کو ایک گھنٹے کے پیریڈ میں مختلف قسم کی سرگرمیاں استعمال کرنی چاہیں۔ کمرۂ جماعت میں ٹیکنالوجی کے استعمال سے سیکھنے کا عمل تیز ہوتا ہے، کارکردگی بہتر ہوتی ہے اور سبق میں دلچسپی بڑھتی ہے۔ اگر سرگرمیوں کو بدلا نہ جائے تو ایک ہی طرح کا کام کرکے بچّے زیادہ دیر سبق پر توجّہ نہیں دے پاتے، اُکتا جاتے ہیں اور کمرۂ جماعت میں بدنظمی کا ماحول پیدا ہو سکتا ہے۔

سیر وسیاحت کے ذریعے تعلیم

مجھے اس کا تجربہ ہوا جب میں تبادلے کے پروگرام کے تحت اسلام آباد کے ایک بین الاقوامی سکول میں تعلیم حاصل کرنے گئی۔ وہاں ہماری جغرافیہ کی جماعت کو ایک ہفتے کے لئے پاکستان کے شمالی علاقوں کی سیر کے لئے لے جایا گیا۔ اُن علاقوں سے واقفیت حاصل کرنے کے لئے ہمیں دستاویزی فلم دکھائی گئی۔

واپسی پر ہم نے گروپ میں ایک منصوبے پر کام کیا۔

سوال جواب کے ذریعہ تدریس :

سوالات طالب علموں میں کچھ نیا جاننے کی خواہش پیدا کرتے ہیں اور اُن میں خود اعتمادی بڑھتی ہے۔ اساتذہ کے جوابات سے اُن کی معلومات میں اضافہ ہوتا ہے۔ اُستاد کو اِس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ سوالات اُسی موضوع کے متعلق ہوں جو وہ کلاس میں پڑھانا چاہتے ہیں۔ جب میں پاکستان گئی تو پہلے مجھے اُردو بولنے میں مشکل پیش آئی۔ سیاحتی سفر کے دوران ہمارے اُستاد شمالی علاقوں کے بارے میں سوال جواب کرتے رہے ،اس سے میری بولنے اور سمجھنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوا۔

اساتذہ کی ذمہ داریاں۔

اساتذہ سبق کی بہترین منصوبہ بندی کریں اور پھر پڑھائیں۔ اس کے علاوہ یہ بھی اساتذہ کی ذمہ داریاں ہیں کہ تعلیم کے ذریعے طلبا کے کردار میں مثبت تبدیلی لائیں اور اُنہیں معاشرے کا ایک ذمہ دار شہری بننے میں مدد کریں۔ طلبا کی چھوٹی چھوٹی کامیابیوں پر اُن کی تعریف کریں۔ منفی تنقید سے پرہیز کریں۔

[Turn over

طالب علم کی ذمہ داریاں

طالب علم ایک قوم کا مستقبل ہوتے ہیں، اُن کی بہت سی ذمہ داریاں ہیں۔ ملک کا ایک اچھا شہری بننے کے لئے طالب علموں کو چاہیے کہ وہ اپنی پڑھائی پر توجّہ دیں۔ بہترین اخلاق سے اپنے استادوں اور جماعت کے دوسرے ساتھیوں اور دوسرے لوگوں کا دل جیتیں۔ اپنی صلاحیتوں سے کام لے کر خوداعتمادی میں اضافہ کریں۔ ملک اور قوم کو ترقی کے راستے پر چلانے کے لئے ہمیشہ سچائی اور ایمانداری کے ساتھ کام کریں، اور اپنے ملک سے سچی محبت کریں۔

**MARKS**

**Questions**

Re-read lines 1–6.

1. What does Noor say about modern education? State any **three** things. **3**

Re-read lines 7–10.

2. According to Noor, what are the aims of education? State any **two** things. **2**

Re-read lines 11–16.

3. Noor goes on to discuss different teaching methods.

   (a) What are the benefits of using these methods in class? **2**

   (b) What happens when teachers do not provide a variety of activities in class? State any **two** things. **2**

Re-read lines 17–21.

4. What does Noor learn from her exchange visit? State any **two** things. **2**

**Questions (continued)**

Re-read lines 22–27.

**5.** Noor goes on to talk about questioning techniques which can enhance student learning.

(a) Why is this? **3**

(b) What does she go on to say? **1**

Re-read lines 28–32.

**6.** According to Noor, what are a teacher’s responsibilities, apart from planning lessons and teaching? State any **three** things. **3**

Now consider the article as a whole.

**7.** Is Noor successful in justifying that new technology helps to make learning easy and enjoyable? Give details from the text to justify your answer. **2**

**8.** Translate into English: (lines 33–37)

طالب علم ایک قوم کا مستقبل ہوتے ہیں۔۔۔۔۔۔ملک سے سچی محبت کریں۔ **10**

**[END OF QUESTION PAPER]**

[BLANK PAGE]

DO NOT WRITE ON THIS PAGE

[BLANK PAGE]

DO NOT WRITE ON THIS PAGE

[BLANK PAGE]

DO NOT WRITE ON THIS PAGE